وزیر خارجہ کا جمہوریہ جنوبی افریقہ اور جمہوریہ نامیبیا کا دورہ (06-01 جون، 2023)

31 مئی 2023

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر 01-06 جون 2023 سے جمہوریہ جنوبی افریقہ اور جمہوریہ نامیبیا کا سرکاری دورہ کریں گے۔

2۔ وزیر خارجہ 01-03 جون 2023 کو کیپ ٹاؤن میں منعقد ہونے والے برکس (BRICS) وزرائے خارجہ اجلاس میں شرکت کے لیے جنوبی افریقہ کا دورہ کریں گے۔ میٹنگ میں شرکت کے علاوہ وہ اپنی جنوبی افریقی ہم منصب محترمہ نالیڈی پانڈور کے ساتھ دو طرفہ ملاقات بھی کریں گے۔ وہ جنوبی افریقہ کے صدر سے ملاقات کریں گے اور توقع ہے کہ وہ برکس کے دیگر وزرائے خارجہ اور دیگر ممالک کے 'فرینڈز آف برکس' وزراء کے ساتھ دو طرفہ ملاقاتیں کریں گے۔ وہ کیپ ٹاؤن میں ہندوستانی ڈائسپورا کے ساتھ بھی بات چیت کریں گے۔

3۔ اس کے بعد وزیر خارجہ 04-06 جون 2023 تک نامیبیا کا دورہ کریں گے۔ یہ ہندوستان کے کسی وزیر خارجہ کا جمہوریہ نامیبیا کا پہلا دورہ ہوگا۔ دورے کے دوران وزیر خارجہ ملک کی اعلیٰ قیادت نیز حکومت کے دیگر وزراء سے بھی ملاقات کریں گے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر جے شنکر نامیبیا کے نائب وزیر اعظم/ وزیر خارجہ، محترمہ نیتمبو نندی-ندیتواہ کے ساتھ مشترکہ کمیشن کی میٹنگ کے افتتاحی اجلاس کی شریک صدارت بھی کریں گے۔ وہ نمیبیا میں مقیم ہندوستانی ڈائاسپورا سے بھی بات چیت کریں گے۔

4۔ وزیر خارجہ کے جنوبی افریقہ اور نامیبیا کے دورے سے ان دونوں ممالک کے ساتھ ہندوستان کے مضبوط باہمی تعلقات کو مزید مضبوط کرنے کی امید ہے۔

نئی دہلی

31 مئی 2023